Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 ہفتہ ، 14 فروری 2026ء، 25 شعبان المعظم 1447ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 302

براہ راست بیرونی سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے بڑا فیصلہ

صنعتوں، نجی شعبے کو غیر ضروری ہراسانی سے بچانے کی تیاری، بیلز ٹیکس کے تمام سرکاری عمل کو مکمل طور پر ڈیجیٹل کیا جائیگا

براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے تحفظ کا اختیار وزیراعظم آفس کو دیئے جانے کا امکان، غیر ملکی سرمایہ کاروں کی گرفتاری، رقم کی ضبطگی سے تحفظ دینے کی بھی تجویز

لاہور (این این آئی) حکومت نے ملک میں کاروباری سرگرمیوں اور براہ راست بیرونی سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے بڑا فیصلہ کرلیا،بزنس تحت صنعتوں اور نجی شعبے کو غیر ضروری ہراسانی سے بچانے کی تیاری کرلی گئی۔ سیکرٹریٹس کے تمام سرکاری عمل کو مکمل طور پر ڈیجیٹل کیا جائے گا۔ وزارت صنعت و پیداوار نے بیورٹس ملک سے ریمل ٹیکل کے ذریعے آنے والی سرمایہ کاری کو مزید بینکنگ سے آسانی دینے (بقیہ نمبر 1)

صوبائی وزیر اطلاعات ونشریات پنجاب کے فیلڈ سٹاف کے ویڈیو لنک کی صدارت کررہے ہیں

رمضان المبارک میں پاسپورٹ دفاتر کے نئے اوقات کار کا اعلان

مختلف پاسپورٹ کیٹیگریز کی نئی فیسیں بھی جاری کردی گئیں نوٹیفکیشن

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) ملک بھر کے پاسپورٹ دفاتر نے رمضان 2026 کے موقع پر عوام کی سہولت کیلئے نئے اوقات کار اور مختلف پاسپورٹ کیٹیگریز کی نئی فیسیں جاری کر دی ہیں۔نوٹیفکیشن کے مطابق رمضان کے دوران ریجنل پاسپورٹ دفاتر، ایئرپلیکٹ پاسپورٹ دفاتر اور پاسپورٹ پروسیسنگ کائونٹرز عوامی خدمات کے اوقات میں تبدیلی کریں گے جبکہ انتظامی عمل معمول کے مطابق جاری رہے گا۔نوٹیفکیشن کے مطابق پیر سے جمعرات (بقیہ نمبر 2)

خان صاحب کی صحت پر سیاست کرنے پر اناشاء

پی ٹی آئی کا جیل کے ڈاکٹر پر دوسرے دن چیک اپ کرتے ہیں 25 مرتبہ باہر سے ڈاکٹرز نے چیک اپ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی بیرسٹر رانا ایسا کوئی معاملہ نہیں کہ 48 ماہ غلطیں کی گئی، یہ کہا غلط ہے کہ 4 ماہ شاہ اللہ نے کہا ہے کہ خان صاحب کی صحت پر سیاست نہ کریں، سے شکایت کی جا رہی تھی، پانی پی (بقیہ نمبر 5)

مختلف اعلیٰ عہدوں پر تعیناتیوں کی منظوری

ڈاکٹر شبانہ چانگ کیشن میں ممبر پراپیشن تعینات، بیسٹر بن ایف بی آر اراشد محمود تنگیال کو سیکرٹری ریونیو کے اضافی چارج تفویض

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے مختلف اعلیٰ عہدوں پر تعیناتیوں کی منظوری دے دی۔ پی ایم سیکرٹریٹ سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعظم نے ڈاکٹر شبانہ حیدر کو چانگ کیشن میں ممبر پراپیشن تعینات (بقیہ نمبر 4)

اوگرا نے درآمدی ایل این جی مہنگی کردی

آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے فروری کے لیے فی قیمت کا نوٹی فکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (این این آئی) اوگرا نے درآمدی ایل این جی مہنگی کردی، قیمت میں 0.06 ڈالر فی ایم بی ٹی یو کا اضافہ کردیا گیا۔آئل اینڈ گیس ڈیویلپمنٹ اتھارٹی نے فروری کے لیے قیمت کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا (بقیہ نمبر 3)

پنجاب میں شعبہ صحت کا بجٹ 630 ارب، غریب عوام کا پیسہ کرپشن کی مد میں نہیں کھانے دوں گی، مریم نواز شریف

نیا چلڈرن ہسپتال بنانے کا اعلان

نواز شریف میڈیکل ہسپتال میں مارچ سے تعمیر کا آغاز ہوگا،10 ہزار بچوں کی ہارٹ سرجری ہونے پر دلی خوشی ہوئی، بچوں کی بیماری والدین کیلئے بڑی آزمائش ہے، ماؤں کی خوشی دیکھ کر مجھے دلی سکون ملا

15 ہزار بچوں کی ویٹنگ لسٹ تھمائی گئی، ماری کا انتظار کرتے کرتے شاید بہت سے بچے جان سے بھی گزر گئے، تہیہ کرلیا اب ویٹنگ لسٹ سے کسی بچے کی جان نہیں جائیگی

وزیراعظم نواز شریف اور وزیر پنجاب مریم نواز کے ہمراہ چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز شریف نے کہا کہ 10 ہزار بچوں کی ہارٹ سرجری ہونے پر دلی خوشی ہوئی۔ بچوں کی بیماری (بقیہ نمبر 9)

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پنجاب میں 1000 بیڈ کا نیا چلڈرن ہسپتال بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف میڈیکل سٹی میں مارچ سے تعمیر کا آغاز ہوگا،غریب عوام کا پیسہ کرپشن کی مد میں نہیں کھانے دوں گی، پنجاب میں شعبہ صحت کا بجٹ 630 ارب روپے ہے، بچوں کی کامیاب سرجری پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں۔ سی ایم

پوٹھوہار یونیورسٹی کے قیام نوجوانوں کو معیاری تعلیم میسر آئیگی

قلم ایک پاکیزہ امانت، اس کی حرمت وعظمت کو برقرار رکھنا سب کی ذمہ داری ہے، راجہ پرویز اشرف

گوجر خان (این این آئی) سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ گوجر خان میں پوٹھوہار یونیورسٹی کیمپس کیلئے زمین کی خریداری کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی منظوری کے بعد 819 کنال زمین بارا ایجوکیشن کمیشن کے نام منتقل کردی گئی ہے اور اس کی مد میں 1 ارب 24 کروڑ روپے کی ادائیگی بھی کردی گئی ہے، یہ اقدام علاقے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ کی (بقیہ نمبر 2)

سربراہ پاک فضائیہ کی انڈونیشیا کے صدر اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں

سربراہ پاک فضائیہ ظہیر احمد بابر سدھو کی آمد پر انڈونیشیا کے صدر نے ایوان صدر جکارتہ میں آنکا استقبال کیا

ملاقات کے دوران سربراہ فضائیہ نے پاکستان اور انڈونیشیا کے مابین گہرے برادرانہ تعلقات کی بنیاد بننے والی مشترکہ اقدار کو اجاگر کیا

انہوں نے بالخصوص تربیت، فضائی دفاع اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں دونوں فضائی افواج کے مابین تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا

سربراہ فضائیہ نے وزیر دفاع اور چیف آف ڈیفنس فورسز کے ساتھ مشترکہ ملاقات بھی کی جس میں دفاعی اور سیکیورٹی اُمور پر تبادلہ خیال ہوا

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے دورۂ انڈونیشیا کے دوران صدر پربوو سبیانتو سے ملاقات کی۔ سربراہ پاک فضائیہ کی آمد پر انڈونیشیا کے صدر نے ایوان صدر جکارتہ میں آنکا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران سربراہ فضائیہ نے پاکستان اور انڈونیشیا کے مابین گہرے برادرانہ تعلقات کی بنیاد بننے والی مشترکہ اقدار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 6)

عمران خان کی 80 فیصد سے زائد بینائی ختم ہوگئی

انہیں ان کی مرضی کے ہسپتال منتقل کیا جائے، محمود اچکزئی مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی نے کہا ہے کہ اداسب سے بڑا مطالبہ اور نکتہ ہائی پی آئی عمران خان کی صحت ہے۔قومی اسمبلی کے باہر عمران خان کو طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے دیئے گئے دھرنے میں تحی ڈی (بقیہ نمبر 7)

محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی مانیٹرنگ ٹاسک فورس کی سیدو شریف ہسپتال کا دورہ

سوات (این این آئی) محکمہ صحت خیبر پختونخوا کی مانیٹرنگ ٹاسک فورس کمیٹی نے ڈاکٹر احمد لیس، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن) کی قیادت میں (بقیہ نمبر 8)

غیر صحت بخش غذاؤں کی حوصلہ افزائی نہ کی جائے

نوجوان نسل کے صحت مندانہ مستقبل کیلئے حکومت کو فوری پالیسی اقدام اٹھانا گزیر ہے، ایم این اے ذوالفقار علی بھٹی

غیر متعدی امراض میں خطرناک اضافہ، پناہ کے وفد کی پارلیمانی سیکریٹری تجارت سے ملاقات، مؤثر پالیسی اقدامات پر زور

پاکستان فیشن پارٹ ایسوسی ایشن (PANAH) کے وفد کی پارلیمانی سیکرٹری برائے تجارت ذوالفقار علی بھٹی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فیشن پارٹ ایسوسی ایشن (PANAH) کے وفد نے پارلیمانی سیکریٹری برائے تجارت ذوالفقار علی بھٹی سے اُن کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں جنرل سیکریٹری پناہ خالد گھمن، نائب صدر غلام عباس اور سابق کنٹرولر ایف بی آر محمد لطیف شامل تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے پاکستان میں غیر متعدی امراض (NCDs) جیسے دل کے امراض، ذیابیطس، کینسر اور سانس کی بیماریوں میں تشویشناک اضافے پر تشویش پر بھی روشنی ڈالی۔ وفد نے اس امر پر زور دیا کہ شوگر، فوڈ اور غیر صحت بخش غذائیں ان (بقیہ نمبر 9)

ڈاکوؤں نے حسن مرتضیٰ کے منیجر سے چار لاکھ روپے کیش لوٹ لیا

چنیوٹ (این این آئی) صبح واردات کے دن دیہاڑی لگانے والے پارٹی وحلی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ کے منیجر سے چار لاکھ روپے کیش لوٹ لیا اور فرار ہو گئے۔ منیجر نے بتایا کہ وہ فی بینک سے چار لاکھ (بقیہ نمبر 10)

خواتین کے بغیر پائیدار ملکی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا

خواتین ہر شعبہ زندگی میں صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں، فرخ ناز اکبر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر ورکن قومی اسمبلی وفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ وڈی ویژن فرخ ناز اکبر نے کہا ہے کہ ملکی آبادی کا بڑا حصہ خواتین پر مشتمل ہے اور ان کی معاشی وسیاسی شمولیت پاکستان کی پائیدار ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ خواتین کے قومی دن کے موقع پر (بقیہ نمبر 1)

سی ڈی اے رمضان ٹیلنٹ ہنٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کے زیر اہتمام

خواتین و مرد کھلاڑیوں کیلئے اوپن ٹرائلز کا انعقاد ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ G-8/2 اسلام آباد میں کیا جارہا ہے

اوپن ٹرائلز کے پہلے روز صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک خواتین کھلاڑیوں کے ٹرائلز کا انعقاد کیا گیا

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) محمد علی رند عدالت کھلاڑیوں کا تعارف کرا رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے زیر انتظام رمضان ٹیلنٹ ہنٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کے سلسلے میں خواتین و مرد کھلاڑیوں کیلئے اوپن ٹرائلز کا انعقاد ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ G-8/2 اسلام آباد میں کیا جارہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، اوپن ٹرائلز کا انعقاد 13 فروری تا 15 فروری تک ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ G-8/2 اسلام آباد میں کیا جارہا ہے۔ اوپن ٹرائلز کے پہلے روز صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک خواتین کھلاڑیوں کے ٹرائلز کا انعقاد کیا گیا جبکہ مرد کھلاڑیوں کے ٹرائلز 14 اور 15 فروری (ہفتہ) (بقیہ نمبر 12)

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) محمد علی رند نے کہا ہے کہ سی ڈی اے کیپیٹل سپورٹس کمپلیکس کا عمل بھی شروع کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر

مرکزی داخلی راستوں پر چیکنگ کے نظام کو فعال بنایا جائے

مساجد، امام بارگاہوں کی سکیورٹی کیلئے موثر وفول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، آر پی او راولپنڈی

تمام بین الصوبائی و بین الاضلاعی مسافر اڈوں پر مسافروں کی ویڈیو ریکارڈنگ اور رجسٹریشن کا عمل شروع کیا جارہا ہے، سید خالد محمود ہمدانی

راولپنڈی (این این آئی) آر پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا ہے کہ مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی کیلئے موثر اور فول پروف انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ امن وامان کو درپیش تمام بین الصوبائی و بین الاضلاعی مسافر اڈوں پر مسافروں کی ویڈیو ریکارڈنگ اور رجسٹریشن کا عمل شروع کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی اور انجینئر عامر بنگش کمشنر راولپنڈی ڈویژن کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں امن عامہ کے قیام کے حوالے سے ایک اہم (بقیہ نمبر 3)

سرحد قادری کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک کردیا گیا

نماز جنازہ میں عطاتارڑ، مجتبیٰ شجاع الرحمٰن، ڈپٹی ملک، جاوید ہاشمی کی شرکت

لاہور (این این آئی) سابق رکن پنجاب اسمبلی قادری گوندل جنازہ کی ادائیگی کے بعد پیر وخاک کر دیا گیا۔ زعیم قادری (بقیہ نمبر 8)

وزیر اطلاعات ونشریات پنجاب کے ویڈیو لنک کی صدارت کررہے ہیں

پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو جمہوریہ انڈونیشیا کے دورے کے دوران گارڈ آف آنر کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو واس چیئرمین اور سینیٹر پاکستان کیٹین پنجاب میر مزاحمد ملک اور سینیٹر پاکستان کیٹین پنجاب کا خصوصی سود سنٹر پیش کررہے ہیں

سنٹر فار ایروسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز کیس میں سیمینار کا انعقاد

سیمینار کا عنوان لڑائی سے ماورا فضائی طاقت، جنگ کے علاوہ عسکری عملیات میں پاک فضائیہ کا کردار تھا

جنگ کے علاوہ عسکری عملیات میں فضائی طاقت کا بڑھتا ہوا کردار سلامتی کے ماحول میں ساختی تبدیلیوں کا مظہر ہے، ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) سنٹر فار ایروسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور نے ۱۲ فروری ۲۰۲۶ کو لڑائی سے ماورا فضائی طاقت: جنگ کے علاوہ عسکری عملیات میں پاک فضائیہ کے کردار کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد کیا۔ ایک خوبصورتی تھنک ٹینک کی حیثیت سے کیس لاہور قومی سلامتی کو اس کے وسیع تر تناظر میں سمجھنے کے لیے مختلف تقاریب کا اہتمام کرتا ہے۔ اس تقریب میں جامعات سے وابستہ اساتذہ، دانشوروں، سینئر فوجی افسران اور محققہ شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔ کیس لاہور کے سینئر ریسرچ ایسوسی ایٹ، جناب امیر عطاءاللہ خان نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ نگہدی خطاب ایئر مارشل آصف سلیمان (بقیہ نمبر 4)

سینٹر فار ایروسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور میں منعقدہ سیمینار میں شریک مقررین کا گروپ فوٹو

رمضان المبارک صبر، برداشت ایثار کا درس دیتا ہے، بیگم شاہدہ قدیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی منیجر رضا بیگم شاہدہ قدیر نے رمضان المبارک کی آمد کے حوالے سے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک کی بابرکت آمد امت مسلمہ کیلئے رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا پیغام لے کر آئی ہے اور ہمیں اس مقدس مہینے کی تیاری ابھی (بقیہ نمبر 21)

لاہور: معاون خصوصی برائے فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن مسکی بٹ جیلانی پارک میں رمضان بچت فیسٹیول کے انتظامات کا جائزہ لے رہی ہیں

امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائیگی

سنگین جرائم میں ملوث 5 مجرمان اشتہاریوں سمیت 9 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 5 مجرمان اشتہاریوں سمیت 29 ائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے متعلقہ تھانہ اسلام آباد میں مقدمات درج کرلیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا دفاعی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری (بقیہ نمبر 2)

جو صورتحال کے پیش نظر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

راولپنڈی پولیس اور اسلام آباد پولیس کی جانب سے جوائنٹ سیشن پکٹس قائم، پولیس کے افسران واہلکاروں کی مزید نفری تعینات

ایس ایس پی آپریشنز اور ایس پی پوٹھوہار کا ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کے ہمراہ جوائنٹ پکٹس کا دورہ، سکیورٹی خیال

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی اور راولپنڈی پولیس کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر سکیورٹی ہائی الرٹ رہی، راولپنڈی پولیس اور اسلام آباد پولیس کی جانب سے جوائنٹ سیشن پکٹس قائم کردی گئیں جبکہ سیشن پکٹس پر سیکیورٹی اہلکاروں کی مزید نفری تعینات کردی گئی، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب اور ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایس (بقیہ نمبر 3)

غیر معیاری جان بچانے والی ادویات کا انکشاف

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے 10 معروف ادویات پر پابندی لگادی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں فروخت ہونے والی جان بچانے والی ادویات سمیت 10 معروف ادویات غیر معیاری قرار دے دی گئیں۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان نے متعلقہ ادویات کے تمام بیچز پر فوری پابندی عائد کردی۔ جی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ ادویات کے سیمپلز کو ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری میں (بقیہ نمبر 4)

پہلے ان ہاؤس تربیتی پروگرام کی کامیاب تکمیل پر افسران میں اسناد کی تقسیم

سیکرٹری قومی اسمبلی نے یکم دسمبر 2025ء سے 9 جنوری 2026 تک جاری رہنے والے پہلے ان ہاؤس تربیتی پروگرام کے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں

اس تربیتی پروگرام میں گریڈ 17 سے گریڈ 20 تک کے 50 افسران نے شرکت کی۔ پروگرام کا انعقاد قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی ٹریننگ برانچ نے کیا

اسلام آباد: قائم مقام سیکرٹری جناب سعید احمد محمد پارلیمنٹ ہاؤس میں قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی ٹریننگ برانچ کے زیر اہتمام اندرون خانہ تربیتی پروگرام کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

50 سالہ شخص ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہوگیا

لاہور (این این آئی) 50 سالہ شخص ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ 50 سالہ شخص ریلوے لائن عبور کرتے ہوئے ٹرین کی زد میں آ کر موقع پر جاں بحق ہو گیا جس کی شناخت نہیں ہوسکی۔

2 ہزار مفت پلاٹس کے حامل خوش نصیبوں کو بلاکس اور پلاٹس تقسیم کیے گئے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے اپنی زمین اپنا گھر پروگرام کے تحت دو ہزار مستحق خاندانوں کے لیے مفت پلاٹس کی ایلاٹمنٹ مکمل کر لی گئی۔ صوبے کے (بقیہ نمبر 6)

اپنی زمین اپنا گھر پروگرام، 2 ہزار مفت پلاٹس کی ایلاٹمنٹ مکمل

لاہور: سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ ڈی سی کیپٹن (ر) سید احمد حسین شہید کی قبر پر حاضری کے موقع پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

قوم کو پاک افواج کے پشت پر کھڑا ہونے کی ضرورت ہے، ملک سجاد

ملک دشمن قوتوں کے مذموم عزائم خاک میں ملانے کیلئے مشترکہ کردار ادا کریں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما سابق پوسٹ چیئرمین ملک سجاد نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے اور ملکی سلامتی و استحکام کی خاطر (بقیہ نمبر 7)

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
ABC W/2022
عوام کی رائے ساخت لکھاری
ناقابل سمجھوتہ حق اشاعت
ناقابل اشاعت مضامین واپس نہیں کیے جاتے

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

غیر متوازن خوراک

اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے مطابق پاکستان کا غذائی نظام معیاری' متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی میں ناکام ہو چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں کیلوریز زیادہ تر اناج' چینی اور خوردنی تیل سے حاصل ہو رہی ہیں۔ پھل' سبزیاں' دالیں اور دیگر غذائیت سے بھرپور اشیا مطلوبہ مقدار میں دستیاب نہیں۔ یوں ایک ایسا عدم توازن پیدا ہو چکا ہے جس میں پیٹ تو بھر رہا ہے مگر جسم اور دماغ کی ضروریات پوری نہیں ہو رہیں۔ یہ عدم توازن عوامی صحت پر گہرے منفی اثرات مرتب کر رہا ہے۔

ایک طرف لاکھوں بچے غذائیت کی کمی' کمزوری اور مائیکرونیوٹرینٹس کی قلت کا شکار ہیں تو دوسری جانب بالغ آبادی میں ذیابیطس' امراضِ قلب اور دیگر سنگین بیماریوں کی شرح میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ بچوں میں ابتدائی عمر میں ناقص غذا جسمانی نشوونما کو سست کرتی' قوتِ مدافعت کو کمزور کرتی اور ذہنی استعداد پر دیرپا اثرات چھوڑتی ہے۔ اگر ہمارے غذائی نظام میں یہ عدم توازن برقرار رہا تو افرادی قوت کی کمزوری اور معاشی بوجھ کے علاوہ طبی اخراجات میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔ ضروری ہے کہ حکومت غذائی پالیسی کو محض پیداوار بڑھانے تک محدود نہ رکھے بلکہ اسے غذائیت کے معیار سے جوڑے۔

فیلڈ مارشل: تزویراتی توازن کے ماہر

عبدالباسط علوی

خودمختاری اور تحرک پر مرکوز ایک متوازن خارجہ پالیسی پیرا پلر دو درجے سے باہر کی ریاستوں کو کثیر قطبی ماحول میں خودمختاری اور طویل مدتی استحکام کا تحفظ کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ متعدد بڑی طاقتوں کے ساتھ تعمیری تعلقات برقرار رکھنے اور کسی ایک پر انحصار سے بچنے سے ممالک جیسے معاشی اتار چڑھاؤ اور سلامتی کے چیلنجوں کی نمائش کم کر سکتے ہیں۔ اس طرح کا نقطہ نظر معاشی لچک کو مضبوط کرتا ہے، پراکسی تنازعات میں شمولیت کو کم کرتا ہے، سیاسی اور نظریاتی آزادی کو محفوظ رکھتا ہے اور سفارتی ساکھ اور اثر و رسوخ کو بڑھاتا ہے جبکہ اس کے لیے مستقل قیادت اور مضبوط ادارہ جاتی ہم آہنگی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں چین اور امریکہ دونوں کے ساتھ مربوط مشغولیت کے ذریعے اس نقطہ نظر کو آگے بڑھاتے ہوئے دکھائی دے رہا ہے۔ اعلیٰ سطحی سفارت کاری نے سلامتی کے تعاون کو تقویت دی، معاشی اقدامات کو بحال کیا اور توازن کو کمزور کیے بغیر کثیرہ تعلقات کو دوبارہ ترتیب دیا جبکہ پاکستان کو ایک پرامتداد اور خودمختار اداکار کے طور پر پیش کیا۔ امریکہ کے دورے سے تجارت، سرمایہ کاری اور عوام سے عوام کے تعلقات کو شامل کرنے کے لیے سلامتی سے بالاتر تعاون کو وسیع کیا، جس کا اختتام اس تاریخی تجارتی معاہدے پر ہوا جس نے پاکستان کی مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنایا۔ چین کے ساتھ مضبوط تعلقات کے ساتھ ان نتائج نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح اسٹریٹجک سفارت کاری کے ساتھ ساتھ کثیر قطبی معاشی اور سیاسی فوائد میں تبدیل ہوئی، جس سے پاکستان کی بین الاقوامی حیثیت بلند ہوئی اور اسے اسٹریٹجک فائدہ ملا۔ جو چیز فیلڈ مارشل عاصم منیر کو باقی دوسروں سے ممتاز کرتی ہے وہ توازن پر ان کی مہارت ہے جسے انہوں نے ایک تزویراتی فن کے درجے تک بڑھا دیا ہے۔ امریکہ کے ساتھ تعلقات مضبوط کرنے اور تجارتی تجارتی معاہدہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے بیک وقت چین کے ساتھ تزویراتی تعلقات کو محفوظ رکھا اور آگے بڑھایا جس سے یہ ظاہر ہوا کہ وہ دوہری تاج پوشی سفارت کاری کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس کیس وڈفرڈ نقطہ نظر نے پاکستان کو دونوں تعلقات سے معاشی، فوجی اور سفارتی فوائد حاصل کرنے کی اجازت دی جب سے بڑی طاقتوں کی دشمنی میں مبرو بنے بغیر اس کے علاوہ اثر و رسوخ میں اضافہ ہوا ہے۔ فیلڈ مارشل کا یہ نقطہ نظر صوفیت کا ایک ایسا تزویراتی نظریہ ہے جس میں پاکستان ایک ماخت اتحادی کے بجائے ایک ذمہ دار علاقائی طاقت اور مساجتی مفادات کے درمیان ایک اہم پل کے طور پر کام کرتا ہے۔ کثیر قطبی ماحول میں خودمختاری اور طویل مدتی استحکام کا تحفظ کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ متعدد بڑی طاقتوں کے ساتھ تعمیری تعلقات برقرار رکھنے اور کسی ایک پر انحصار سے بچنے سے ممالک جیسے معاشی اتار چڑھاؤ اور سلامتی کے چیلنجوں کی نمائش کم کر سکتے ہیں۔ اس طرح کا نقطہ نظر معاشی لچک کو مضبوط کرتا ہے، پراکسی تنازعات میں شمولیت کو کم کرتا ہے، سیاسی اور نظریاتی آزادی کو محفوظ رکھتا ہے اور سفارتی ساکھ اور اثر و رسوخ کو بڑھاتا ہے جبکہ اس کے لیے مستقل قیادت اور مضبوط ادارہ جاتی ہم آہنگی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں چین اور امریکہ دونوں کے ساتھ مربوط مشغولیت کے ذریعے اس نقطہ نظر کو آگے بڑھاتے ہوئے دکھائی دے رہا ہے۔ اعلیٰ سطحی سفارت کاری نے سلامتی کے تعاون کو تقویت دی، معاشی اقدامات کو بحال کیا اور توازن کو کمزور کیے بغیر کثیرہ تعلقات کو دوبارہ ترتیب دیا جبکہ پاکستان کو ایک پرامتداد اور خودمختار اداکار کے طور پر پیش کیا۔ امریکہ کے دورے سے تجارت، سرمایہ کاری اور عوام سے عوام کے تعلقات کو شامل کرنے کے لیے سلامتی سے بالاتر تعاون کو وسیع کیا، جس کا اختتام اس تاریخی تجارتی معاہدے پر ہوا جس نے پاکستان کی مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنایا۔ چین کے ساتھ مضبوط تعلقات کے ساتھ ان نتائج نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح اسٹریٹجک سفارت کاری کے ساتھ ساتھ کثیر قطبی معاشی اور سیاسی فوائد میں تبدیل ہوئی، جس سے پاکستان کی بین الاقوامی حیثیت بلند ہوئی اور اسے اسٹریٹجک فائدہ ملا۔ جو چیز فیلڈ مارشل عاصم منیر کو باقی دوسروں سے ممتاز کرتی ہے وہ توازن پر ان کی مہارت ہے جسے انہوں نے ایک تزویراتی فن کے درجے تک بڑھا دیا ہے۔ امریکہ کے ساتھ تعلقات مضبوط کرنے اور تجارتی تجارتی معاہدہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے بیک وقت چین کے ساتھ تزویراتی تعلقات کو محفوظ رکھا اور آگے بڑھایا جس سے یہ ظاہر ہوا کہ وہ دوہری تاج پوشی سفارت کاری کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس کیس وڈفرڈ نقطہ نظر نے پاکستان کو دونوں تعلقات سے معاشی، فوجی اور سفارتی فوائد حاصل کرنے کی اجازت دی جب سے بڑی طاقتوں کی دشمنی میں مبرو بنے بغیر اس کے علاوہ اثر و رسوخ میں اضافہ ہوا ہے۔ فیلڈ مارشل کا یہ نقطہ نظر صوفیت کا ایک ایسا تزویراتی نظریہ ہے جس میں پاکستان ایک ماخت اتحادی کے بجائے ایک ذمہ دار علاقائی طاقت اور مساجتی مفادات کے درمیان ایک اہم پل کے طور پر کام کرتا ہے۔ کثیر قطبی ماحول میں خودمختاری اور طویل مدتی استحکام کا تحفظ کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ متعدد بڑی طاقتوں کے ساتھ تعمیری تعلقات برقرار رکھنے اور کسی ایک پر انحصار سے بچنے سے ممالک جیسے معاشی اتار چڑھاؤ اور سلامتی کے چیلنجوں کی نمائش کم کر سکتے ہیں۔ اس طرح کا نقطہ نظر معاشی لچک کو مضبوط کرتا ہے، پراکسی تنازعات میں شمولیت کو کم کرتا ہے، سیاسی اور نظریاتی آزادی کو محفوظ رکھتا ہے اور سفارتی ساکھ اور اثر و رسوخ کو بڑھاتا ہے جبکہ اس کے لیے مستقل قیادت اور مضبوط ادارہ جاتی ہم آہنگی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں چین اور امریکہ دونوں کے ساتھ مربوط مشغولیت کے ذریعے اس نقطہ نظر کو آگے بڑھاتے ہوئے دکھائی دے رہا ہے۔ اعلیٰ سطحی سفارت کاری نے سلامتی کے تعاون کو تقویت دی، معاشی اقدامات کو بحال کیا اور توازن کو کمزور کیے بغیر کثیرہ تعلقات کو دوبارہ ترتیب دیا جبکہ پاکستان کو ایک پرامتداد اور خودمختار اداکار کے طور پر پیش کیا۔ امریکہ کے دورے سے تجارت، سرمایہ کاری اور عوام سے عوام کے تعلقات کو شامل کرنے کے لیے سلامتی سے بالاتر تعاون کو وسیع کیا، جس کا اختتام اس تاریخی تجارتی معاہدے پر ہوا جس نے پاکستان کی مارکیٹ تک رسائی کو بہتر بنایا۔ چین کے ساتھ مضبوط تعلقات کے ساتھ ان نتائج نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ کس طرح اسٹریٹجک سفارت کاری کے ساتھ ساتھ کثیر قطبی معاشی اور سیاسی فوائد میں تبدیل ہوئی، جس سے پاکستان کی بین الاقوامی حیثیت بلند ہوئی اور اسے اسٹریٹجک فائدہ ملا۔ جو چیز فیلڈ مارشل عاصم منیر کو باقی دوسروں سے ممتاز کرتی ہے وہ توازن پر ان کی مہارت ہے جسے انہوں نے ایک تزویراتی فن کے درجے تک بڑھا دیا ہے۔ امریکہ کے ساتھ تعلقات مضبوط کرنے اور تجارتی تجارتی معاہدہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے بیک وقت چین کے ساتھ تزویراتی تعلقات کو محفوظ رکھا اور آگے بڑھایا جس سے یہ ظاہر ہوا کہ وہ دوہری تاج پوشی سفارت کاری کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس کیس وڈفرڈ نقطہ نظر نے پاکستان کو دونوں تعلقات سے معاشی، فوجی اور سفارتی فوائد حاصل کرنے کی اجازت دی جب سے بڑی طاقتوں کی دشمنی میں مبرو بنے بغیر اس کے علاوہ اثر و رسوخ میں اضافہ ہوا ہے۔ فیلڈ مارشل کا یہ نقطہ نظر صوفیت کا ایک ایسا تزویراتی نظریہ ہے جس میں پاکستان ایک ماخت اتحادی کے بجائے ایک ذمہ دار علاقائی طاقت اور مساجتی مفادات

سیاسی نظام میں تبدیلی کے امکانات

کنور داشاد

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ بڑے بڑے طاقتور لیڈرز' جنہوں نے اپنی قوت' دولت اور بصیرت پر غرور اور بھروسہ کیا' بالآخر زوال کا شکار ہوئے۔ صدام حسین اور کرنل قذافی جیسے حکمران ہوں یا ماضی قریب کے دیگر آمر' سبھی ثابت کر گئے کہ طاقت ہمیشہ عارضی ہوتی ہے۔ اقتدار' لشکر اور طاقت کے سائے میں کھڑے یہ لوگ انجام کے دن تنہا رہ گئے۔ شاہ ایران' صدام' قذافی اور حسنی مبارک جیسے کردار ہمارے سامنے ہیں' جن میں انصاف' حق اور عاجزی میں موتی ہے اور جو خود کو سب سے بالا سمجھتا ہے' تاریخ اسے سب سے پہلے زمین پر لے آتی ہے۔

شہوار اور ظلم آخر پہ انسان کا پہنچ نہیں بھرتے مگر یہ انسان کو وسائل پیدا کرنے' روزگار حاصل کرنے اور معاشی سہولتیں دینے میں ناکام ہونے کے قابل ضرور بناتے ہیں۔ ایک قوم کیسے تعلیم اور شعور حاصل ہو' وہ غربت اور غذائی قلت سے بہتر طور پر نکل سکتی ہے۔ کسی غریب کو روزانہ کی بنیاد پر کھانا فراہم کرنا غربت کے خاتمے کا کوئی مستقل حل نہیں۔ پیٹ بھرنے کیلئے شعور اور معاشی وسائل دونوں ضروری ہیں' لیکن شاید ہمارے حکمران چاہتے ہیں کہ قوم پیٹ کے بل ناچتی اور بریانی کے ڈبے کے پیچھے بھاگتی رہے اور شعور حاصل نہ کرے کیونکہ جس دن عوام میں عقل سوال کرنے کی جرأت پیدا کر دے' وہ باطل کی تیغہ آجائے گی اس دن حکمرانوں کا اقتصاب شروع ہو جائے گا۔ جیسا کہ تیونس' شام' بنگلہ دیش' نیپال اور سری لنکا میں ہوا جہاں عوام نے خود حکمرانوں کا احتساب شروع کر دیا۔ اس لیے ہمارے ہاں وقتی ریفیف لشکر اور نعروں کے ذریعے لوگوں کو مصروف رکھا جاتا ہے جبکہ ان کی تعلیم' شعور اور فکری آزادی کو دانستہ نظر انداز کیا جاتا ہے۔ ایک باشعور قوم کو قابو میں رکھنا مشکل ہوتا ہے اس لیے بدعاملی کو سمجھنے کیلئے بنایا گیا ہے تاکہ لوگ روزی روٹی کی جنگ میں الجھے رہیں اور اقتدار میں بیٹھے حکمران باشعور عوامی آواز سے دور رہیں۔

جنرل ضیاالحق نے 1970ء میں بھی فلسفہ ایک پالیسی کی صورت اختیار کیا تھا کہ عوام کو غربت کی لکیر کے نیچے رکھا جائے تاکہ ان میں حکومتی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کی سکت ہی پیدا نہ ہو۔ جنرل ضیاالحق کی اس پالیسی کے حوالے سے مجھے ان کے وزیر داخلہ محمود ہارون کے ایک ملاقات میں بتایا تھا۔ اس ملاقات میں سیکرٹری چودھری شوکت علی اور ملک کے نامور صحافی اظہر سہیل بھی موجود تھے۔ محمود ہارون بعد ازاں گورنر سندھ بھی رہے اور 1990ء کے انتخابات سے ذرا فرار اختیار کرتے ہوئے عمرے پر تشریف لے گئے اور وہاں سے کانوں کی بیماری کے بہانے لندن چلے گئے کیونکہ اُس وقت صدر مقام اسحاق خان اور جام صادق نے بینظیر بھٹو کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا ہوا تھا۔ بقول محمود ہارون جنرل ضیاالحق اکثر یہ بات دہراتے تھے کہ سمز بھٹو کے دور حکومت میں ملک میں خوشحالی تھی لیکن عوام نے ناشکری کرتے ہوئے انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کی آڑ میں خونریز احتجاج شروع کر دیا۔ اگر ہمارے سیاسی تجزیہ کار غور کریں تو وہ جنرل ضیاالحق کی اس حکمتِ عملی کو سمجھ سکتے ہیں کہ 1980ء کے بعد عوامی احتجاج کیوں جڑ نہ پکڑ سکا' کیونکہ عوام کو 'پیٹ والے نان اور وقتی آسائشوں میں الجھا دیا گیا تھا۔ عمران خان کے دور میں بھی اسی مقصد کے تحت لنگر خانے اور عارضی پناہ گاہیں تیار کی گئیں۔ اس کے برعکس بنگلہ دیش میں لوگ سچ تک خوشحالی کے متلاشی تھے' جبکہ اپنائی گئی اور اس مقصد کیلئے حسینہ واجد حکومت اور ڈیجیٹل انڈسٹری کے تعاون سے خوانین میں تقریباً 50 لاکھ سلائی مشینیں اور دیگر وسائل تقسیم کیے گئے جس سے لاکھوں گھرانے خوشحال ہوئے۔ اگر حسینہ واجد اپنی خالانہ اور آمرانہ پالیسی ترک کر دیتیں تو شاید آج بھی ان کا اقتدار ہوتا' لیکن جب ظلم حد سے بڑھ گیا تو قدرت کے نظام نے حرکت میں آکر اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

حکومت پنجاب نے بہت پر جوار بیس روپے لٹائے اس کا حساب بھی دیا ہوگا۔ مقتدر حلقے اس صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور اس کا حساب رکھنے کے لیے سمز بھٹو کے دور حکومت کی طرز پر ڈیوز تیار کیے جانے کا امکان ہے۔ وزیراعظم بھٹو نے اپنے قابل اعتماد سدھر کر ریٹ ظہور آذر سے کابینہ کے ارکین کے خلاف ڈیوز تیار کروا رکھے تھے اس مقصد کے لیے وزیراعظم کی نگرانی میں ایک دستاویزات کمیشن قائم کیا گیا تھا۔ اس کمیشن میں ظہور آذر انتہائی رازداری کے ساتھ اپنا کام سرانجام دے رہے ہے۔ بعد ازاں جب سمز بھٹو اقتدار سے محروم ہوئے تو ظہور آذر نے یہ سینگوں فائلیں جنرل ضیاالحق کو پیش کر دیں' انہی فائلوں کی بنیاد پر جنرل ضیاالحق نے پیپلز پارٹی کو دھسوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک گروپ کے کرتا دھرتا مولانا کوثر نیازی تھے اور دوسرے کے غلام مصطفیٰ جتوئی' یوں پیپلز پارٹی کی قوت ٹکڑوں میں بٹ گئی۔

عسکری قوت پاکستان کی حقیقی حفاظت ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو قدرت نے پاکستان کی حفاظت کی ذمہ داری سونپی ہے۔ جہاں وہ ملک سے کئی دیگر قرضوں کا خاتمہ کر رہے ہیں وہیں کرپشن جیسے فتنے کی سرکوبی کے لیے قومی احتساب بیورہ میں ایماندار عملہ قائم ہونا چاہیے جس کا کام کرپٹ ارکانِ اسمبلی' وزرا اور بیوروکریٹس کے خلاف ڈیوز تیار کر کے براہ راست فیلڈ مارشل کو پیش کرنا ہو' جس طرح بطور ڈائریکٹر جنرل آئی ایس آئی انہوں نے وزیراعظم عمران خان کو بشریٰ بیگم کی کرپشن سے متعلق دستاویزات پیش کی تھیں۔ اگر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کرپشن کے فتنہ کے انسداد کو اولین ترجیح بنالیں تو چند ہی برسوں میں کرپٹ سیاستدان رواہ فرار اختیار کرنے پر مجبور ہو جائیں گے اور ملک خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو سکے گا۔ مزید یہ کہ انہیں اپنے اختیارات اداروں کے ذریعے اسلام آباد کے فائیو سٹار ہوٹلوں میں غیر معینہ مدت تک قیام پر پابند کرنا چاہئے' ارکانِ اسمبلی اور وزرا کی بھی یہی تجاویز ہیں کرانی چاہیے کہ آخر ان کے پرفیشنل سوشل اخراجات کون ادا کر رہا ہے۔

ملک کی ڈوبتی معیشت' امن و امان کی مایوس کن صورتحال' دھسوں میں اقتدار کی کشمکش اور پنجاب میں تخت لاہور کے مصنوعوں پر اربوں روپے کے بے دریغ اخراجات نے ایک سیاسی شخصیت کی خودمائی کو وقاتی کے لیے سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔ اسی شخصیت کے اچیز اربوں روپے خرچ کیے جا رہے ہیں جو محض تعمیری بنیادوں پر مقدمات سے فارغ ہوئی جبکہ 2022ء اور 2023ء میں ایسے یکطرفہ ماحول میں قانون سازی کرواتی تھی جب پارلیمنٹ میں حقیقی جمہوری توازن موجود نہیں تھا۔ ان تمام حالات اور دوست ممالک کے تحفظات کو سامنے رکھتے ہوئے موجودہ سسٹم میں اہم تبدیلیوں کی خاموش تیاری کی جا رہی ہے۔ خفیہ سے کہ اپریل یا بجٹ اجلاس کے بعد اس سسٹم کی بساط لپیٹ سکتی ہے جس کے بعد بے رحمانہ احتساب کی راہ ہموار ہو جائے گی۔ موجودہ سیاسی نظام کو کیسے سے متعلق حکمتِ عملی پر کئی تیزی سے کام ہو رہا ہے۔ ملک کے ماہرین باخبر اور باشعور صحافی خطرے کی گھنٹی بجا رہے ہیں اور ادارہ جاتی سطح پر بے رحمانہ آپریشن کے خدشات کو ذائل کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

میں نے سہیل احمد کو اداکاری کے شعبے میں متعارف کرایا: منور سعید

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اور مایہ ناز اداکار منور سعید نے کہا ہے کہ ایک پروگرام میں شرکت کے دوران اہم انکشاف کیا ہے۔ منور سعید نے کہا ہے کہ پاکستان کے معروف اداکار اور کامیڈین سہیل احمد کو مزکزی دھارے کے میڈیا میں متعارف کرانے میں میرا اہم کردار رہا ہے۔ اداکار کے مطابق سہیل احمد اداکاری کے شعبے میں آنا چاہتے تھے، ہم دونوں کی مرحوم اداکار اسد بخاری سے دوستی تھی۔ سہیل احمد اسی حوالے سے میرے پاس آئے اور اداکاری کا موقع مانگا۔ منور سعید کا کہنا ہے کہ میں نے سہیل احمد کو متعارف کروایا۔

کم عمری کی شادی پر کوئی پچھتاوا نہیں: جویریہ عباسی

اداکارہ جویریہ عباسی نے اداکار شمعون عباسی سے کم عمری میں شادی کی



کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان ٹیلی وژن سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی معروف اداکارہ جویریہ عباسی نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کے دوران اپنی ذاتی زندگی کے اہم فیصلوں پر کھل کر گفتگو کی ہے۔ جویریہ عباسی نے اداکار شمعون عباسی سے کم عمری میں شادی، بعد ازاں طلاق اور بطور سنگل مدر بیٹی کی پرورش کی۔ اس حوالے سے اداکارہ نے کہا کہ میں نے کم عمری میں شادی اپنی مرضی سے کی اور مجھے اس فیصلے پر کوئی پچھتاوا نہیں، میں شدت سے محبت کرتی تھی اور یہ میرا ذاتی انتخاب تھا، مجھے اپنی شادی یا طلاق کے فیصلے پر کوئی افسوس نہیں کیونکہ دونوں فیصلے میرے اپنے تھے۔

ماہرہ خان کا فلموں سے وقفہ لینے کا اعلان، وجہ کیا ہے؟

آئندہ انتہائی سوچ سمجھ کر اور منتخب پروجیکٹس میں کام کروں گی

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان نے کہا ہے کہ اس وقت فلموں سے عارضی وقفہ لے رہی ہوں۔ یہ بات اداکارہ نے اپنی ذاتی آے والی فلم کے ڈبلرز لانچ کے موقع پر کہی ہے۔ ماہرہ خان نے اپنے مستقبل کے منصوبوں سے متعلق کہا ہے کہ میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اس وقت فلمیں نہیں کروں گی۔ اس کا کہنا ہے کہ میں تھوڑا وقفہ لے رہی ہوں کیونکہ ایک بہر لیڈ کر رہی ہوں اور ایک ساتھ دو کام کرنا ممکن نہیں، جب تک کوئی زبردست پروجیکٹ نہیں آتا۔ انہوں نے جملہ ادھورا چھوڑ کر اشارہ دیا کہ آئندہ انتہائی سوچ سمجھ کر اور منتخب پروجیکٹس میں کام کروں گی۔

پہلی اے آئی سی اینی میڈ فلم 28 فروری کو ریلیز کی جائے گی

